© rasailojaraid.com



# شان صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم

شاعر اسلام قاری تاج محمد شاکر (پتوکی)

| | |
|---|---|
| دین نبیؐ چمکایا یار صحابہؓ نے | بھٹکے ہوؤں کو راہ پایا یار صحابہؓ نے |
| جو فرمان ہوا قرآن میں جاری | کر کے وہی دکھلایا یار صحابہؓ نے |
| کیا اسلام پر قربان مال و زر | وحدت کا جام پلایا یار صحابہؓ نے |
| خدا شاہد صحابہؓ سارے عادل تھے | ٹکٹ جنت کا پایا یار صحابہؓ نے |
| مخالف انکا کوئی بھی ہو ، گمراہ ہے | اسلام پہ خون بہایا یار صحابہؓ نے |
| نبی نے جن کی تربیت کی ہر ہر جاہ | وہی سبق سکھایا یار صحابہؓ نے |
| بے دینی کی ظلمت میں علَم توحید | گھر گھر لہرایا یار صحابہؓ نے |
| ہر ابلیس کے فتنے کی سرکوبی کی | موت کی نیند سلایا یار صحابہؓ نے |
| بدر و اُحد، تبوک کے میدانوں میں | خوب لہو گرمایا یار صحابہؓ نے |
| غیر اللہ کی گردنیں کاٹ کر رکھ دیں | ہر طاغوت گرایا یار صحابہؓ نے |
| قسم خدا کی جنتی ہیں اصحابؓ نبیؐ | تاجؔ دین پھیلایا یار صحابہؓ نے |
| ان کو گالی دینا نبیؐ کو گالی ہے | کیونکہ نبی کا جھنڈا اٹھایا یار صحابہؓ نے |
| نبیؐ پہ گھر بار لٹایا یار صحابہؓ نے | یہیں اللہ فرمایا یار صحابہؓ نے |

© rasailojaraid.com